| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: تاریخ | سبق کا نام: تہذیبوں کا آغاز |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ ایک قدیم ترین انسانی گندھارا کی تہذیب ہے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- وہ اس تہذیب کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 35 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں گندھارا سنکرت زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے ”خوشبوؤں کی زمین“۔
- طلبہ کو گندھارا تہذیب کے بارے میں بتائیں کہ یہ موجودہ پشاور، سوات اور کابل کے علاقوں میں پروان چڑھی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مختلف ادوار میں اس خطے پر مختلف سلطنت کے بادشاہوں اور حکمرانوں نے حکمرانی کی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ بدھ مت مذہب کو اس خطے میں بہت فروغ ملا اور بدھ مت تقریباً ایک ہزار سال تک اس خطے میں پھیلتا رہا۔ بدھ مت کی اشاعت میں چندر گپت موریا اور ان کے پوتے اشوکا نے اہم کردار ادا کیا۔
- طلبہ کو گندھارا آرٹ اور فن تعمیر کے بارے میں بتائیں۔
- پانچوں صدی میں وسطی ایشیا سے آنے والے خانہ بدوشوں نے گندھارا کو تباہ کر دیا۔ ان کو سفید نہر کہا جاتا ہے۔

**اعادہ** 3 منٹ

سبق کے اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 5 منٹ

طلبہ سے پوچھیں: گندھارا کی تہذیب کہاں آباد تھی؟ ان سے مشق جزو 2 کا سوال (ii) سنیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) افلاطون فلاسفر تھا:

- رومی تہذیب کا
- گندھارا تہذیب کا
- یونانی تہذیب کا
- مصری تہذیب کا

(ii) بُدھوں کی عبادت گاہوں کو کہتے ہیں:

- مندر
- خانقاہ
- چرچ
- گوردوارہ

(iii) گندھارا لفظ ہے:

- لاطینی
- سنسکرتی
- فارسی
- عربی

سوال نمبر 2: دیے ہوئے جملوں میں دُرست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) نشان لگائیں۔

(i) روم کو فلاسفروں کی نرسری کہتے ہیں۔ ☐

(ii) اسپارٹا اور ایتھنز رومی تہذیب کے مشہور شہر ہیں۔ ☐

(iii) رومیوں نے سڑکوں کی تعمیر میں چٹانوں اور پتھروں کا استعمال کیا۔ ☐

(iv) اشوکا چندرگُپت موریا کا بیٹا تھا۔ ☐

سوال نمبر 3: شہنشاہ اشوکا کون تھا اور اُس نے بدھ مت مذہب کی تبلیغ کا آغاز کیسے کیا؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:________ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام:________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی تاریخی شخصیات | باب چہارم: تاریخ |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قائدِاعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ اور سر سید احمد خان کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کہیں آج وہ سبق "عظیم شخصیات" پڑھیں گے۔

- طلبہ سے آزادی کی جدوجہد میں مختلف شخصیات (قائدِاعظم، علامہ اقبال) کے بارے میں سوالات کریں۔

ان سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 38 تا 39 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- تختہ تحریر پر قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش، تعلیم اور پیشہ لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ مسلمانوں اور ہندوؤں کا اتحاد چاہتے تھے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے مسلمانوں کو ایک منفرد نظریے اور ایک منشور پر جمع کرنے کی ان تھک محنت کی۔ 23 مارچ 1940ء کے جلسے میں قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ پیش کیا۔ آخر کار آپ رحمتہ اللہ علیہ کی بے مثال قیادت میں تحریکِ پاکستان کے تمام اراکین نے مثالی جدوجہد کی اور 14 اگست 1947ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا۔
- طلبہ کو بتائیں سر سید احمد انیسویں صدی کی سب سے نمایاں مسلمان شخصیت تھی۔
- انھیں بتائیں سر سید احمد خان وہ پہلے مسلمان راہنما تھے جنھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے قوم کا لفظ استعمال کیا۔ ان کا خیال تھا کہ مسلمان اور ہندو دو الگ قومیں ہیں، کیونکہ ان کا مذہب، تاریخ اور ثقافت و تہذیب ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اسی لیے آپ کو دو قومی نظریے کا بانی کہا جاتا ہے۔

- سر سید احمد خان چاہتے تھے کہ مسلمان خود کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں اور خود کے حقوق کو پہچانیں۔ انھوں نے اس مقصد کے لیے تحریک علی گڑھ شروع کی۔
- طلبہ کو اس تحریک کا مقصد بتائیں کہ اس کا مقصد مسلمانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کروانا تھا۔
- طلبہ کو سر سید احمد خان کی تعلیمی میدان میں کاوشوں کے بارے میں مزید بتائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(۱)اور(۲) سے متن کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات کے جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی تاریخی شخصیات | باب چہارم: تاریخ |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیامِ پاکستان میں بیگم رعنا لیاقت علی اور بیگم جہاں آرا شاہ کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا تحریک پاکستان میں کردار بتائیں۔
- دو قومی نظریے کے بانی کون ہے؟
- سرسید احمد خان کے مشہور رسالہ اسبابِ بغاوت کا مقصد کیا تھا؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 39 تا 40 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان کی آزادی کی تحریک میں بہت سی شخصیات نے بھرپور کردار ادا کیا۔
- طلبہ کو رعنا لیاقت تحریک پاکستان میں کوشوں کے بارے میں بتائیں۔ آپ تحریک پاکستان کی سرگرم کارکن تھیں۔ آپ نے تحریک پاکستان کمیٹی کی معاشی معاملات میں رہنما کا فرض بھی انجام دیا۔
- طلبہ کو بتائیں بیگم رعنا لیاقت علی خان کا سب سے بڑا کارنامہ آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن (APWA) تھا۔ قیامِ پاکستان کے بعد وہ ملک کی خاتونِ اوّل بن گئیں۔ انھوں نے خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے بہت سے منصوبوں کا آغاز کیا۔
- طلبہ کو بیگم جہاں آرا شاہنواز کے بارے میں بتائیں ان کا شمار بااثر شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ آل انڈیا مسلم لیگ کی پہلی خاتون رکن تھیں۔
- طلبہ کو بتائیں بیگم جہاں آرا خواتین اور بچوں کی بہبود کے لیے بنائی گئی اور مختلف تنظیموں کا حصہ رہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مسلمانان ہند کے لیے بیگم رعنا لیاقت علی اور بیگم جہاں آرا شاہ نواز کی کوشوں کے بارے میں بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔